مدنی مذاکرے کے

تنظیمی و دیگر مدنی پھول



ذیقعدۃ الحرام، ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۷

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

دُرُود شریف کی فضیلت

فرمانِ مصطفٰی صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم: ''بے شک جبرائیل (عَلَیْہِ السَّلام) نے مجھے بِشارت دی: جو آپ (صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم) پر دُرُودِ پاک پڑھتا ہے، **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اُس پر رَحمت بھیجتا ہے اور جو آپ (صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم) پر سلام پڑھتا ہے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اُس پر سلامتی بھیجتا ہے۔'' (مُسندِ اِمام احمد بن حنبل ج ۱ ص ۴۰۷ حدیث ۱۶۶۴)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللہُ تعالٰی علٰی محمَّد

مدنی مذاکرہ کے تنظیمی و دیگر مدنی پھول

۲ ذیقعدۃ الحرام ۱۴۳۷ھ	مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا)	6 اگست 2016ء

☆.....ماں باپ کے ساتھ بُرا سلوک کرنے والی اولاد نالائق ہے۔

☆.....نماز کے بغیر انسان کس کام کا؟۔

☆.....اللہ تعالٰی کے پیاروں کے نام پر بچّوں کا نام رکھا جائے کہ اس سے برکتیں حاصل ہوتی ہیں۔

☆.....ہِینگ (ایک درخت کا گوند۔Asafoetida) پنساری کی دکان سے مل جاتا ہے، اسے گھر میں رکھنے سے چیونٹیاں بھاگ جاتی ہیں۔

☆.....نعت لکھنا، استغاثہ (فریاد) لکھنے سے مشکل ہے۔

☆.....9 اگست تا 16 اگست 2016ء، اتوار تا اتوار ''**ہفتہ برائے اجتماعی دُعائے صحت**'' کی ترکیب بنائی جائے

❁ ہر علاقے یا ڈویژن میں اجتماع برائے دعائے صحت منعقد کیا جائے، اس اجتماع کے لیے اسلامی بھائی اپنے ذیلی

www.dawateislami.net

حلقوں سے اسلامی بھائیوں کے مدنی قافلے بنا کر لائیں ❁ مضبوط مبلغ بیماری، صبر، عیادت، غم خواری اور خیر خواہی کے عنوانات پر بیان کرے ❁ مجلسِ مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ کا بستہ لگایا جائے ❁ ذکر کے بعد پیارے آقا صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی دکھیاری امت کے تمام بیماروں کے لیے دعائے صحت کی جائے ❁ رکنِ شوریٰ حاجی ابو رضا محمد علی عطاری ان اجتماعات کے ذِمّہ دار مقرر ہوئے ❁ دعوتِ اسلامی کے اجتماعی مدنی کاموں مثلاً: مدنی درس، چوک درس، مدرسۃ المدینہ بالغان میں دعائے صحت کا التزام کیا جائے ❁ مدرسۃ المدینہ، جامعۃ المدینہ اور دارالمدینہ کی دعائے مدینہ میں بھی دعائے صحت کی جائے ❁ قرب وجوار کے ہسپتالوں میں وفد کی صورت میں جا کر عیادت کی ترکیب بنائی جائے، روزانہ وقت مقرر کر کے جائیں، ہو سکے تو سورۂ فاتحہ پڑھ کر مریضوں کو دم کریں، شام کے وقت ملاقات کے وقت جو آئے انہیں مکتبۃ المدینہ کے رسائل پیش کریں۔ ممکن ہو تو مریضوں کی عیادت کرنے والے اور دیگر اسلامی بھائیوں کو جمع کر کے مکتبۃ المدینہ کا شائع شدہ رسالہ ''بیمار عابد'' سے بیان بھی کریں۔ ❁ محلّوں میں جو دوست احباب اور وہ مسلمان جنہیں آپ نہیں جانتے، وہ بیمار ہیں تو اللہ تعالٰی کی رضا اور ثواب کے لیے ان کی عیادت کریں۔

☆.....علما ومشائخِ اہلسنّت ہمارے سر کے تاج ہیں۔

☆.....جو بھی بیمار ہوتا ہے، اس سے ہمدردی ہونی چاہیے۔

☆.....نیکیوں بھری زندگی کی بھی دُعا کرنی چاہیے۔

۹ ذیقعدۃ الحرام ۱۴۳۷ھ	مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا)	13 اگست 2016ء

☆.....دعا کرنی چاہئے کہ اللہ تعالٰی صحت وعافیت کے ساتھ حج کی توفیق عطا فرمائے۔

☆.....عوام، علما کے پیچھے ہوتی ہے۔

☆.....میں اصلاً نسلاً پاکستانی ہوں، میں پاکستان میں ہی پیدا ہوا ہوں۔ پاکستان میرا وطن ہے اور مجھے اس سے محبت ہے، آپ بھی محبت کیجئے اور اپنے وطن کی تعمیر کیجئے۔

☆.....ہمیں ملکِ پاکستان کے ایک ایک اِنچ کی حفاظت کرنی ہے۔

☆.....اپنی نماز کی حفاظت کریں۔

www.dawateislami.net

☆.....دعوتِ اسلامی ''**مسجد بھرو تحریک**'' ہے،اس کی صورت یہ ہے کہ اپنے آپ کو نمازی اور نمازِ باجماعت کا عادی بنائیں اور ہر نماز کے لیے جاتے ہوئے کم از کم ایک کو اپنے ساتھ لیتے جائیں۔

☆.....نماز کی امامت کرنے کی جرأت وہی کرے،جس میں امامت کی شرائط پائی جائیں۔

☆.....توبہ کرنے کے ساتھ ساتھ توبہ کے تقاضے بھی پورے کرنے چاہئیں۔

۱۶ ذیقعدۃ الحرام ۱۴۳۷ھ	مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا)	20 اگست 2016ء

☆.....تمام اسلامی بھائی 92 دن میں ایک مرتبہ ''12 دن کا مَدَنی کورس'' کیا کریں۔اس کورس میں آپ کو فرض علوم سیکھنے کا جذبہ ملے گا۔

☆.....پانچ وقت نماز کا عادی بننے کے لیے مدنی قافلے میں سفر کریں۔

☆.....علمِ دین حاصل کرنے کے لیے کوشش کرنا ضروری ہے،گھر میں بیٹھے رہنے سے علمِ دین حاصل ہونا مشکل ہے۔

☆.....**ثُوْبِیَہ اِعراب دُرست نہیں،دُرست اِعراب ثُوَیْبَہ ہے۔**

۲۳ ذیقعدۃ الحرام ۱۴۳۷ھ	مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا)	27 اگست 2016ء

☆.....جانوروں پر چیچڑیاں (Ticks) لگ جائیں تو انہیں دُور کرنے کی کوشش کریں،ان سے اپنے آپ کو بچائیں ،کیونکہ ان کے ذریعے کانگو وائرس (Congo virus) کے جراثیم پیدا ہوتے ہیں۔

☆.....حقیقت میں گناہ بہت کڑوا (Bitter) ہے،اس سے زیادہ دنیا میں کوئی کڑوی چیز نہیں۔

☆.....بیماریوں سے بچنے کے لیے پابندی سے اوراد پڑھنے چاہئیں۔

☆.....حج میں بوڑھے ماں باپ یا کوئی عزیز ساتھ ہوں اور وہ بچھڑ جائیں تو بہت پریشانی ہوتی ہے،اس سے بچنے کے لیے انہیں فون کرنا سکھا دیں تاکہ گم جانے کی صورت میں فون کرسکیں یا ان کے کپڑوں میں کسی محفوظ جگہ اپنا فون نمبر لکھ دیں یا ان سے طے کرلیں کہ آپ بچھڑ جائیں تو فلاں جگہ آجائیں اور جب تک ہم نہ پہنچ جائیں اس جگہ سے نہ ہٹیں۔

☆.....کسی کو مَدَنی قافلے یا کسی کورس کی نیت کروائیں تو تاریخ ضرور لیں اس سے بھی استقامت حاصل ہوتی ہے۔

☆.....12 ماہ سفر کرنے والے پر اس کے اثرات بھی ظاہر ہونے چاہئیں،مثلاً وہ سنّتوں کا پابند بن جائے،نماز دُرست ہوجائے،قرآنِ کریم دُرست پڑھنا آجائے،مَدَنی حلیے کا پابند بن جائے وغیرہ۔

☆.....چیخ چیخ کر بات کرنا بدتہذیبی ہے۔

☆.....پیارے آقا صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کی باتیں کانوں میں رَس گھولتی تھیں۔

☆.....اتنی بُلند آواز سے بیان نہ کریں اور نہ ہی نعت پڑھیں کہ گلا بیٹھ جائے۔

www.dawateislami.net

☆.....بیان کرتے رہیں گے تو آواز نہیں بیٹھے گی۔

☆.....عنقریب دعوتِ اسلامی، ماہنامہ شائع کررہی ہے۔اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ یہ دعوتِ اسلامی کا تاریخی قدم ہوگا۔یہ بھی نیکی کی دعوت کا ذریعہ ہے۔یہ دعوتِ اسلامی کے شعبوں میں سے ایک شعبہ ہوگا۔اللّٰہ کرے اس کی اشاعت لاکھوں تک پہنچ جائے۔ ۞اس میں مختلف مضامین ہوں گے ۞مختلف عنوانات پر علم دین کے مدنی پھول ملیں گے ۞ یہ رسالہ دلچسپ اور نہایت معلوماتی ہوگا ۞ اس کے دو ایڈیشن ہوں گے: (1) چار رنگوں والا مخصوص ایڈیشن: اس میں غیر جانداروں کی تصاویر مثلاً: گلدستے، مختلف مساجد وغیرہ ہوں گی اس کا ہدیہ 60 روپے ہوگا۔(2) عام ایڈیشن: یہ سادہ ہوگا اس کا ہدیہ 35 روپے ہوگا ۞ اس کے صفحات 63 ہوں گے ۞ سالانہ ممبر شب حاصل کرنے کے لیے اپنا نام اور ایڈریس اس فون نمبر 03112683522 پر بھیج دیں ۞ اپنے علاقے کے امام، موذن اور خطیب کو ترغیب دلائیں کہ وہ سالانہ ممبر شب حاصل کرلیں جو ممبر شب حاصل نہ کرسکیں تو اسلامی بھائی اپنی جیب سے ان کی ممبر شب کی ترکیب بنالیں۔

www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

دُرُود شریف کی فضیلت

فرمانِ مصطفٰی صَلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم: ''بے شک تمہارے نام مَع شناخت مجھ پر پیش کئے جاتے ہیں، لہٰذا مجھ پر اَحسن (یعنی بہترین الفاظ میں) دُرودِ پاک پڑھو۔'' (مُصَنَّف عَبْدالرَّزّاق ج۲ص۱۴۰حدیث۳۱۱۶)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

مَدَنی مذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

۳۰ ذیقعدۃ الحرام ۱۴۳۷ھ	مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا)	2 ستمبر 2016ء

❁.....تبرکات کی تعظیم کرنا کارِ ثواب ہے۔

❁..... اللہ عَزَّوَجَلَّ وہ عقل دے، جو تبرکات کے ادب کو تسلیم کرے، وہ عَقل نہ دے جو تبرکات کے اَدب کو تسلیم نہ کرے۔

❁.....ہر جِنّ، اِنسان کو نقصان نہیں دیتا۔

❁.....درخت انسان کی صحت کے لیے مفید ہیں، درخت انسان کے خادِم ہیں۔ گھر کے اِرد گرد درخت ہونا فائدے کا باعث ہے۔

❁.....مَغْفِرت و بَخشش کے لیے مسلمان ہونا شَرْط ہے اور یہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کے فضل و کرم سے ہی ہوتی ہے۔

❁.....ہمیں نیکیاں کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی قبولیت کی دُعا بھی کرنی چاہئے۔

یکم ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۷ھ	مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا)	3 ستمبر 2016ء

❁.....بِلا ضَرورت یہ کہنا بُزرگی کا اِظہار لگتا ہے کہ میں آپ کے لیے دُعا کرتا ہوں یا یہ کہنا جاؤ! میری دعائیں تمہارے

www.dawateislami.net

ساتھ ہیں۔اس لیے یہ نہ کہا جائے۔

❁.....شو بازی اور اپنی واہ واہ کے لیے سوشل میڈیا (Social Media) پر اپنی تصاویر اَپ لوڈ (Upload) کرنا دُرست نہیں۔

❁.....''**نیکیاں چھپاؤ**'' رِسالہ شائع ہو چکا ہے،اس کا مطالعہ کر کے اپنی نیکیوں کی حفاظت کے اسباب کیجئے۔

❁.....دعوتِ اسلامی میں اسلامی بہنوں کے مدنی کام کا شعبہ فعال ہے۔

❁.....''اتنے دُرُود شریف کا تحفہ دیتا ہوں'' یہ کہنے کے بجائے یہ کہا جائے کہ اتنے دُرُود شریف کا ثواب اِیصال کیا۔

۲ ذوالحجة الحرام ۱۴۳۷ھ	مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا)	4 ستمبر 2016ء

❁.....اگر جانور کو ڈرانے سے کام چلتا ہو تو مارنے سے اِجتناب کرنا چاہئے،ضرورتاً مارنا ہی پڑے تو جانور کے سر، چہرے، ریڑھ کی ہڈی اور پسلیوں پر نہ مارا جائے۔اتنا شدید بھی نہ مارا جائے کہ اس کے جسم پر نشان پڑ جائیں۔

❁.....جانوروں کو بے دردی سے مارنے والے توبہ کریں۔

❁.....جس کے اَخلاق دُرست ہوں تو عموماً لوگ اس سے مانوس ہو جاتے ہیں اور بد اخلاق سے لوگ دُور بھاگتے ہیں

❁.....دودھ پینے کے بعد یہ دُعا پڑھنا مُستَحَب ہے۔**اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْہِ وَزِدْنَا مِنْہُ.**

❁.....چھپکلی اور گرگٹ کو مارنا کارِ ثواب ہے۔

❁.....جہاں OB Van کے ذَریعے **ہفتہ وار مدنی مذاکرہ یا ہفتہ وار اجتماع** ہو،وہاں مدنی اِنقلاب آنا چاہیے۔**مدنی دَرْس، علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت، مدنی قافلے اور ذیلی حلقے کے 12 مدنی کاموں** میں اِضافہ ہونا چاہیے۔

❁.....ہر ایک کو چاہیے کہ کم از کم اپنے ایک بیٹے یا خاندان کے ایک فرد کو درسِ نظامی کروائے۔

❁.....دُرُود شریف بہترین وَظیفہ ہے۔

❁.....کھیرا (Cucumber) چھلکے سمیت کھایا جائے،اس کا چھلکا بھی صحت کے لیے مفید ہے۔

۳ ذوالحجة الحرام ۱۴۳۷ھ	مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا)	5 ستمبر 2016ء

www.dawateislami.net

❁.....اپنے اخلاق بہتر بنائیے۔

❁.....مسلمانوں کی دل جوئی کرنے میں سَبْقَت کرنی چاہیے۔

❁.....ذُوالْحِجَّةِ الْحَرَام کے اِبتدائی 10 دن بابرکت ہیں، ان میں مدنی قافلے میں سفر کیجئے۔

❁.....اگر دُکاندار کسی کو چینج نہ دینا چاہیں تو اپنی دُکان پر یہ لکھ کر لگادیں: ''براہِ کرم! چینج نہ مانگیں۔''

❁.....قِیامت کے دن دانے دانے کا حساب ہوگا۔

❁.....اللہ عَزَّوَجَلَّ ورسول عَزَّوَجَل وصلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم کے حکم پر ہماری آنکھیں بند ہیں، ہمیں ہر حکم ماننا ہے۔

❁.....مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ کتاب ''نام رکھنے کے احکام'' بڑی پیاری کتاب ہے، اس میں سرکار صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم سے نسبت رکھنے والی مختلف اشیا وغیرہ کے نام بھی لکھے ہیں۔

❁.....اللہ عَزَّوَجَلَّ ہر نیکی سے برکتیں عطا فرماتا ہے۔

٤ ذوالحجة الحرام ١٤٣٧ھ	مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا)	6 ستمبر 2016ء

❁.....یا اللہ عَزَّوَجَلَّ! ہمیں سیدی قطبِ مدینہ کی برکتیں نصیب فرما، ان کے صدقے ہماری مَغْفِرت فرما۔ جو اِن کی فاتحہ کرے، تُو اس کو دنیا و آخرت کی برکتیں نصیب فرما۔

❁.....جو چیز اِیصال کی جاتی ہے، اس کا کچھ حصّہ، فاتحہ کے دوران سامنے رکھیں، یہ بزرگوں کا طریقہ ہے، اگر اس طرح نہ بھی کریں تو بھی فاتحہ ہوجاتی ہے۔

❁.....عیدُ الاضحیٰ کے موقع پر زِیادہ چارہ لینے سے پہلے تھوڑا سا لے کر جانور کو کھلائیں، اگر وہ کھائے تو پھر زیادہ لیا جائے تاکہ ضائع نہ ہو۔

❁.....اسلام میں بدشگونی اور بدفالی نہیں۔

❁.....4 دانت کے جانور کا گوشت 2 دانت والے کی بہ نسبت اچھا ہوتا ہے۔

٥ ذوالحجة الحرام ١٤٣٧ھ	مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا)	7 ستمبر 2016ء

www.dawateislami.net

❁.....میں نے عصار کھنا شروع کیا تو مختلف عصا تحفے میں آنے لگے، اس لیے میں نے عصار کھنا چھوڑ دیا۔

❁.....میں جُبَّہ طبعًا پسند نہیں کرتا، البتہ بڑی راتوں کی تعظیم وتکریم کے لیے پہن لیتا ہوں۔

❁.....نَماز میں خشوع وخضوع کی بہت تاکید ہے۔

❁.....عُلما وائمہ حضرات کو مٹھائی کا ڈبہ یا مصلّٰی دینے کے بجائے، عزت واحترام کے ساتھ چھپا کر رقم پیش کی جائے تاکہ وہ اپنی ضرورت کی چیزیں لے سکیں، بعض اوقات انہیں مٹھائی وغیرہ کی حاجت نہیں ہوتی۔ تنخواہیں بھی کم ہوتی ہیں اور یہ سفید پوش اور خوددار ہوتے ہیں، کسی سے سوال بھی نہیں کرتے۔

❁.....میرے نزدیک مفتیٔ اسلام بہت بڑا افسر بلکہ وزیرِ اعظم وصدر کا بھی افسر ہے۔

❁.....مفتیٔ اسلام واقعی محترم اور معظم شخصیت ہے، یہ بہت عَقْل مند، عموماً سنجیدہ، ذہین، مطالعہ میں مُنہمک رہنے والا، سوشل میڈیا کے جھگڑوں، گپیں مارنے اور دیگر فضولیات سے کوسوں دور رہنے والا اور مسائل میں غور وفکر کرنے میں مصروف رہنے والا ہوتا ہے۔

❁.....میری محبت کہتی ہے کہ عُلما سب کے سب افسران ہیں اور عام لوگوں کے سردار اور رہبر ہیں۔

٦ ذوالحجة الحرام ١٤٣٧ھ	مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا)	8 ستمبر 2016ء

❁.....اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہمیں ہر امتحان سے بچائے، بغیر امتحان وحساب کے نجات عطا فرمائے۔

❁.....جب وقت آئے گا تو اَللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا اور اسلام کی سربُلندی کے لیے جان دینے سے بھی دریغ نہیں کریں گے۔ اِن شاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

❁.....قربانی کا جانور لینے کے لیے منڈی میں اس وقت جائیں، جب نمازوں کے اوقات نہ ہوں اور اگر نمازوں کے اوقات میں جانا پڑے تو اپنے کپڑوں کو بچائیے اور وہاں بھی نمازوں کا اہتمام کیجئے۔ احتیاطاً اپنے ساتھ تہبند اور کرتا لے کر جائیں تاکہ نادانستہ طور پر کپڑے ناپاک ہو جائیں تو نماز پڑھنے میں مشکل نہ ہو۔

❁.....جانوروں کی **جُگالی** (حیوانات کا چارے کو معدے میں سے نکال کر منہ میں لانے سے جو جھاگ نکلتی ہے) **ناپاک** ہے، اس

www.dawateislami.net

سے بھی بدن وغیرہ کو بچائیے۔

❁.....جانوروں سے خود بھی محتاط رہیں اور بچوں کو بھی بچائیے تاکہ کوئی جانور نقصان نہ پہنچادے۔

❁.....**جوڑوں کے درد کو دُور کرنے کے لیے آزمودہ نُسخہ**: بھنڈی کو لمبائی میں چیر لیں، مگر جدا نہ کریں، پھر رات بھر پانی میں بھگو کر رکھیں (10 گھنٹے پانی میں رہنے دیجئے)، پھر اس سے لیس دار مادہ اسی پانی میں نچوڑ لیں، کھانے سے پہلے (خالی پیٹ) وہ پانی پی لیں۔

۷ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۷ھ	مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا)	9 ستمبر 2016ء

❁.....''دیکھتے رہیے مدنی چینل'' کہنے کے بجائے ''مدنی چینل دیکھتے رہیے'' یہ کہنا مجھے پسند ہے۔

❁.....لیٹے لیٹے اور لائٹیں بند کر کے مدنی چینل دیکھنے سے بچئے، کیونکہ لیٹے لیٹے دیکھنے سے آنکھوں پر زور پڑتا اور لائٹیں بند کر کے دیکھنے سے آنکھوں میں تکلیف ہوسکتی ہے۔

❁.....عید کے موقع پر اپنے بڑوں مثلاً ماں باپ وغیرہ کو عید مبارک دی جائے اور ان کے پاس جایا جائے۔

❁.....کسی کی خوشی کے موقع پر اس سے مٹھائی کا تقاضا نہیں کرنا چاہیے۔

❁.....گوشت لیتے وقت دیکھ لیجئے کہ اس کا رنگ گلابی یا مٹیالا ہے یا سرخ کیونکہ گوشت کا گلابی اور مٹیالے رنگ کا ہونا جوان جانور اور سرخ رنگ ہونا بوڑھے جانور ہونے کی نشانی ہے۔

❁.....عورتیں جانوروں کی منڈی میں ہرگز نہ جائیں۔

❁.....احرام پر کاروان والے اپنے کاروان کا نام پرنٹ نہ کیا کریں کہ کاروانوں کے نام عموماً مقدس مقامات کے نام پر ہوتے ہیں تو ان کی بے حرمتی ہوسکتی ہے بلکہ اچھی اچھی نیتوں بالخصوص رضائے الٰہی کے لیے حاجیوں کی خدمت کریں، حُسنِ اخلاق سے پیش آئیں، سروس اچھی دیں اور نفع کم لیں، اس سے اِن شاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ آپ کے کاروان کی نیک نامی ہوگی، لوگوں کی دعائیں ملیں گی اور ربّ عَزَّوَجَلَّ بھی راضی ہوگا۔

❁.....عیدالاضحیٰ سے چند دن پہلے اور عید کے موقع پر عموماً طہارت اور قربانی کے مسائل درپیش ہوتے ہیں، اس

www.dawateislami.net

لیے ذُوالْحِجَّۃِ الْحَرَام شروع ہونے سے پہلے ہی مکتبۃ المدینہ کے شائع کردہ 2 رَسائل ''**کپڑے پاک کرنے کا طریقہ**'' اور ''**ابلق گھوڑے سوار**'' کا مطالعہ مفید ہے۔

٨ ذوالحجة الحرام ١٤٣٧ھ	مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا)	10 ستمبر 2016ء

❁.....جب ذابح (یعنی جانور ذَبح کرنے والا) جانور ذبح کردے تو اب اس سے چھری لے لیجئے تاکہ وہ تڑپتے جانور کو چھری سے مزید تکلیف نہ دے۔

❁.....شریعت کی حد میں رہتے ہوئے حصولِ نفع یا دفعِ ضرر کیلئے جانور کو مار سکتے ہیں۔

❁.....قربانی کی کھالیں جمع کرنے اور قربانی کا جانور ذبح کرنے وغیرہ کے دوران نماز کا وقت آجائے تو نماز پڑھنے کا خاص اہتمام کیجئے۔

❁.....ہمیں نیکیاں کرنی اور اپنے آپ کو گناہوں سے بچانا ہے۔

❁.....زُہدِ حقیقی سے مراد یہ ہے کہ اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا کے لیے دنیا سے بے رغبتی اختیار کی جائے، ایسے شخص کو زاہد کہتے ہیں اور یہ اَعلیٰ دَرجہ ہے۔

٩ ذوالحجة الحرام ١٤٣٧ھ	مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا)	11 ستمبر 2016ء

❁.....عموماً گناہ سے روکنے کا رُجحان بلکہ ذِہن بھی نہیں ہے۔

❁.....اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْف یعنی نیکی کی دعوت دینے کی شرائط میں سے ایک ''علم'' کا ہونا بھی ہے۔

❁.....عمامہ باندھنے اور داڑھی رکھنے کے ساتھ ساتھ علمِ دین حاصل کرنا بھی ضروری ہے، علم حاصل کرنے کیلئے مدنی مذاکرے اور ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت کرتے رہنا بھی ایک ذریعہ ہے اور مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ کتب کا مطالعہ بھی کرتے رہیے۔

❁.....''**حدائقِ بخشش**'' (اعلیٰ حضرت کا نعتیہ دِیوان) میرے سَر کا تاج ہے۔

١٤ ذوالحجة الحرام ١٤٣٧ھ	مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا)	17 ستمبر 2016ء

www.dawateislami.net

۞.....دعوتِ اسلامی میری ہے، جو اس کے ساتھ تعاون کرتا ہے تو مجھے ایسے ہی خوشی ہوتی ہے جیسے کسی کی دُکان سے سودا خریدا جائے تو وہ دکاندار خوش ہوتا ہے۔

۞.....عموماً قربانی کے جانور میں چربی زیادہ ہوتی ہے، کچھ چربی اس کے گوشت میں سرایت کی ہوتی ہے۔ یہ گوشت زیادہ کھانے سے اجتناب کرنا چاہئے۔

۞.....بڑے پائے کے لیے گھی یا تیل کی ضرورت نہیں ہوتی، انہیں پانی میں پکایا جاسکتا ہے۔

۞.....کھانے میں احتیاط کیجئے۔ احتیاط سے کھائیں گے تو صحت دُرست رہے گی اور ہسپتال جانے سے بچ جائیں گے۔ اِن شاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

۞.....تمام اسلامی بھائی خون کے یہ 4 ٹیسٹ کروالیں:

(1)**Lipid Profile**(اس میں Cholestrol بھی شامل ہے، اِس ٹیسٹ کیلئے 12 تا 14 گھنٹے خالی پیٹ ہونا ضَروری ہے)۔

(2)**Glucose**(خالی پیٹ میں نارمل سے زیادہ ہو تو بھرے پیٹ میں بھی کروایئے)

(3)**Uric Acid**۔ (4)**Sugar**۔

۞.....جدید تحقیق کے مطابق 10 دن سے زیادہ رکھا ہوا گوشت استعمال کیا جائے تو سینے، چھاتی اور لبلبے کا کینسر ہوسکتا ہے۔

۞.....بزرگوں کے پاس جائیں تو یہ کہنے کے بجائے کہ ''میں ان کے پاس تشریف لے گیا'' یہ کہا جائے کہ میں ان کے پاس حاضر ہوا۔

۞.....جب کوئی بات کر رہا ہو تو اس کی پوری بات سنی جائے، درمیان میں کاٹی نہ جائے کیونکہ جس کی بات کاٹی جائے اُسے بُرا لگے گا، وہ رنجیدہ ہوگا اور بدظن بھی ہوسکتا ہے۔

۞.....جس کی دل میں قدر ہوتی ہے، وہ نیکی کی دعوت دے تو انسان خوشی سے اسے قبول کرلیتا ہے۔

۞.....سنت یہ ہے کہ کسی کی بات نہ کاٹی جائے جب کہ وہ خلافِ شَرع نہ ہو۔

www.dawateislami.net

۞.....جب کوئی گھڑی دیکھے یا توجّہ نہ دے تو بات کرنے والے کو چاہیے کہ وہ بات مختصر کر دے۔

۞.....میں فطرتاً ملنسار ہوں۔(اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَل)

۞.....پیارے آقا صَلَّی اللّٰہ تَعالٰی عَلَیہ وَسَلَّم کے ظرف مبارک پر قربان کہ ایک ایک کی پوری بات سنتے تھے۔

۞.....بغل میں ہاتھ ڈالنا اچھا نہیں، اس سے لوگوں کو گھن آتی ہے۔

۲۱ ذوالحجة الحرام ۱۴۳۷ھ	مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا)	24 ستمبر 2016ء

۞.....مچھلی ابھی زندہ ہو تو اسے کاٹا نہ جائے بلکہ اس کے مرنے کا انتظار کیا جائے کہ اس سے اسے تکلیف ہوگی

۞.....فرشتوں کو بھی اِیصالِ ثواب کیا جا سکتا ہے۔

۞.....چائے کے فوائد بھی ہیں اور نقصانات بھی۔ لہٰذا اس کو کم استعمال کیا جائے۔

۞.....نمک بھی نارمل استعمال کرنا چاہئے، اس کا زیادہ استعمال گردوں کو فیل کر سکتا ہے۔

۞.....جب کسی کو متبرک چیز دیں تو اس میں لکھ دینا چاہئے کہ یہ کہاں کی ہے، بعض اوقات مجھے مزارات کی چادریں تحفے میں بھیجی جاتی ہیں، مگر اس میں کچھ نہیں لکھا ہوتا کہ کون سی چادر کون سے مزار کی ہے؟

۞.....اپنے وطن کا پانی آبِ زَمْ زَم میں مکس کر کے بڑی بوتل تحفے میں دینے کے بجائے خالص آبِ زم زم کی چھوٹی بوتل دینی چاہئے۔

www.dawateislami.net